14100-زہراوان کون سی سورتیں ہیں

سوال

وہ کون سی دوسورتیں ہیں جنہیں زہراوان کالقب دیا گیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

یہ دونوں سورتیں البقرۃ اورآل عمران ہیں ۔

امام مسلم رحمہ اللہ تعالی نے اپنی صحیح میں اس کے متعلق حدیث نقل کی ہے : ابوامامۃ باھلی رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا :

(قرآن مجید پڑھا کرو کیونکہ قیامت کے دن قرآن کریم اپنے پڑھنے والوں کا سفارشی بن کرآئے گا ، زہراوان دوروشنی اور نوروالی سورتیں سورۃ البقرۃ اور سورۃ آل عمران پڑھا کرو اس لیے کہ یہ دونوں قیامت کے دن اپنے پڑھنے والوں کے لیے دوبادل یا پرندوں کے غول بن کر اپنے پڑھنے والوں کی طرف سے حجت بن کرآئیں گی ، سورۃ البقرۃ پڑھا کرو اس لیے کہ اس کا پڑھنا برکت اوراسے نہ پڑھنا حسرت اوراسے جادوگر نہیں پڑھ سکتے) صحیح مسلم (صلاۃ المسافرین 1337) ۔

امام نووی رحمہ اللہ تعالی شرح مسلم میں لکھتے ہیں کہ :

کہتے ہیں کہ انہیں ان کے نوراور ھدایت اوراجر عظیم کی بنا پر زہراوین اس لیے کہا گیا ہے ۔

واللہ تعالی اعلم ۔

.